Mirza Saifuddin Ahmad

قانون

اجرای ڈگری

بمنظوری حضور لامع النور

مہاراجہ دہیراج

سر مہاراجہ رنبیر سنگہ صاحب بہادر

والی جموں و کشمیر دام اقبالہ واجلالہ

در سمت ۱۹۳۲

در مطبع تحفۂ کشمیر بقالب طبع درآمد

11.10.2019

Mirza Saifuddin Ahmad

قانون اجرای ڈگری ایجاب وقبول
وناطہ وبازوی عورت

جب عدالت سی ثابت ہوا کہ ایجاب وقبول شرعی ہوگیا اور عدالت سی ڈگری ہوگئی کہ زنانی مرد کو ملجاوے ایسی ڈگری کی اجرای مطابق قانون انگریزی بصورت ذیل ہوتی ہی حسب درخواست مرد — عورت کو اصالتاً یا مختارتاً عدالتین طلب کرکر پوچھا جاتا ہی کہ مرد کی پاس جاینگی یا نہین اگر وہ جانا چاہی مگر اوسکے وارث یعنی مان باپ یا اور کوئی رشتہ دار جانی مین مزاحم ہو تو عدالت عورت کو جبراً انسی لیکر مرد کو سپرد کریگی اور اگر عورت خود نہین جانا چاہتی ہو تو عدالت اپنی روبکار اصالتاً یا وکالتاً طلب کر کسیکو بخوبی فہمایش کری کہ خاوند کے گہرمین جانا چاہتی اگر نہ سمجھی تو عدالت سی فہمایش کر دیگی کہ اگر خاوند کی گہرمین نجاوگی تو زیورات اور جایداد تمہارا حسب درخواست خاوند قرق ہوکر ہرجہ مین خاوند کو ملیگا اور حسب درخواست خاوند دو برس تک قید بہی ہوجاینگی

اگر اوس سی بہی انکار کری تو حسب درخواست ڈگریدار یعنی مرد بعد داخل خرچہ روزینہ یعنی تا چہار آنہ ڈبل سفی یوم وبحالت بیماری تا چھہ آنہ ڈبل فی یوم — دو برس تک قید ہوسکتی ہی اور جایداد بہی قرق ہوکر خاوند کو ہرجہ مین ملسکتی ہے

اور اہل ہنود کی ناطہ مین ڈگری اسصورت سی ہوتی ہی کہ مدعی علیہ مدعی کو ناطہ دیدیوی یا ہرجہ جیسا کہ حاکم مناسب سمجھی — مگر حاکم کسی حالتمین یہہ ڈگری نہین کرسکتا کہ لڑکی جبراً دلائی جاوے — اور ہندو اور مسلمان دونون فرقہ مین اگر کوئی بازوے

عورت کا دعوی کرے تو حاکم بشرط ثبوت ڈگری کریگا کہ عورت خاوند کو ملے مگر بلا رضامندی عورت کسے حالمین جبراً خاوند کو نہین دلائی جاویگی مگر بصورت اجراے ڈگری مندرجہ ایجاب وقبول عمل ہوویگا۔

قانون اجراي ڈگري

یہہ قانون اجراے ڈگری از ابتداے در قلمرو سلطنت والی جموں وکشمیر ولداخ وغیرہ جاری ہوگا ملحوظ ہی کہ بروقت درخواست اجراے ڈگری زرنقد حاکم اول مدیون سے تین چار قسط واسطے تعداد زرڈگری کی بوقفہ مناسب کہ جسمین فریقین کا نقصان متصور نہو کریگے اوسمین جب تین ہی قسط شکست ہوگی یعنی پیشتر از اخیر روز اداکرنی تیسری قسط کے ایکروپیہ تینوں قسط کا ادا نکریگا تو حسب دفعات مندرجہ ذیل عمل ہوگا اور اگر اندر عرصہ میعاد قسط مقررہ دایٔن ثابت کرادے کہ مدیون جایداد اندر عرصہ میعاد مقررہ انتقال کرنا چاہتا ہی تو جایداد مدیون بہی قرق ہوسکتی ہے مگر قواعد نیلام جایداد مقروقہ بعد از انقضاے میعاد مقررہ عمل مین آویگا

دفعہ ۱ اگر ڈگری بابت مکان یا اور کسی جایداد غیرمنقولہ کی ہو تو جایداد مذکور اوس شخص کو حوالہ کیجائیگی جسکو ڈگری مین وہ دلائی گئی ہو

دفعہ ۲ اگر ڈگری بابت کسی خاص شی منقولہ یا کسی معاہدہ کی خاص تعمیل یا نسبت عمل مین لانی کسی دیگر خاص امر کی ہووے تو اوسکا ایفا اس طور پر ہوگا کہ شی منقولہ پر قبضہ کیا جاوے بشرطیکہ مقابضت اوسپر ممکن ہو اور شی مذکورہ اوس شخص کے سپرد کیجائے کہ جسکو وہ شی ڈگری کی روسے دلائی گئی ہو یا وہ شخص قید کیا جائے کہ جسکے اوپر ڈگری ہوی ہو یا جایداد اوسکی قرق ہوکر تا صدور حکم ثانی عدالت کے معرض قرق مین رہے یا عند الضرورت قید اور قرق دونوں عمل مین آوین یا اگر ہرجہ بعوض ڈگری

اوسی دلایا جاوی تو ایسا زرہرجہ اوسی طرق سی وصول کیا جائیگا کہ جسکا ذکر نسبت اجرای ڈگری زرنقد کے آگے درج ہے

دفعہ ۳ اگر ڈگری بابت زرنقد کی ہو تو ایفا اوسکا بذریعہ قید اوس شخص کے کہ جسکے اوپر ڈگری ہوئی ہو یا بذریعہ قرقی اور نیلام جایداد اوسکی یا عند الضرورت بذریعہ دونون طریقون کی عمل مین آویگا اور اگر شخص مذکور مدعاعلیہ نہو تو جس طریقہ سی کہ حسب مراد احکام اس باب کی مدعاعلیہ پر ڈگری جاری ہو سکتی ہے اوسی طریقہ کی مطابق اوس شخص پر بہی ڈگری جاری کیجاویگی جو مدعاعلیہ ہو اگر ڈگری بنام سرکار یا کسی اہلکار سرکار جو جانب سرکار سی پیروکار مقدمہ ہو صدور پاوی تو اگر وہ اہلکار سرکار جسپر ایفای ڈگری واجب ہے اوسکے ایفای سی انکار یا تغافل کری تو حاکم عدالت رپورٹ اطلاعی بنظر صدور حکم سرکار عدالت مین بہیجیگا اور حکمنامہ اجرای ڈگری جاری نہوگا الا اوس صورت مین کہ زرڈگری تاریخ ارسال رپورٹ سی تین مہینی تک ادا ہوا ہو

دفعہ ۴ اگر ڈگری مین یہہ حکم ہوا ہو کہ کوئی دستاویز انتقال تحریر کیجاوی یا کسی ایسی دستاویز پر عبارت انتقالی ثبت کرائی جائی جو قابل بیع وشری ہو اور وہ شخص جسکو حکم تحریر یا ثبت عبارت انتقالی کا نسبت دستاویز انتقال خواہ دستاویز قابل بیع وشری کے ہوا ہو اوس امر کی تعمیل سی پہلو تہی یا انکار کری تو وہ شخص جسکا سود دوریان اوسکی تحریر یا ثبت عبارت انتقالی سی متعلق ہو مجاز ہی کہ موجب شرایط ڈگری مذکور کے دستاویز انتقال تحریر کر کے یا عبارت انتقالی لکہہ کر اوسی عدالت مین اس درخواست سی پیش کری کہ وہ کاغذ اسٹامپ واجب القیمت پر تحریر پاوی بشرطیکہ تحریر ہونا اوسیکا کاغذ اسٹامپ پر آئینا ضرور ہو اور دستخط صاحب عدالت کے ایسے کاغذ پر بمنزلہ دستخط یا تحریر عبارت انتقالی اوس شخص کے منظور ہونگے جسکی نسبت حکم تحریر اوسی دستاویز کا ہوگیا تہا

دفعہ ۵ - اگر کسی شخص متوفی کے قایم مقام پر ڈگری ہو اور زرڈگری مذکور واسطی

دلانی زرنقد کے جایداد شخص متوفی سی ہو تو ایفای ڈگری کا بذریعہ قرقی اور نیلام جایداد مذکور کے ہو سکتا ہی یا اگر کوئی ایسی جایداد دستیاب نہو سکے اور مدعاعلیہ حسب اطمینان عدالت یہہ ثابت نکر سکے کہ اوسنی ایسی جایداد شخص متوفی کو جسکا اوس کے قبضہ مین آنا ثابت ہو بضرورت بجا صرف کیا ہی تو مدعاعلیہ پر ڈگری بابت اوس قدر جایداد کے کہ جسکو اوسنی بضرورت بجا صرف نہ کیا ہو اوسی طریق سی جاری ہو سکتی ہے جیسی کہ ڈگری مذکور مدعاعلیہ کی ذات خاص پر ہوئی ہو

دفعہ ۶ — اگر کوئی شخص بوجہ ضامن ہونی بابت ایفای کسی ڈگری یا اوس کی جزو کے ذمہ وار ہوا ہو تو اجرای ڈگری مذکور کا اوس شخص پر بابت اوس مقدار کے جسکا وہ ذمہ وار ہوا ہو اوسی طریق سی عاید ہو سکتا ہی جیسے کہ ایفای ڈگری کا کسی مدعاعلیہ پر واجب ہوتا ہی

دفعہ ۷ — جو جایداد کہ بعلت اجرای ڈگری قابل قرقی اور نیلام کے ہو تفصیل اوسکی یہہ ہی یعنی مکانات اور اسباب اور زر نقد اور بنیک نوٹ اور رقعہ برات اور ہنڈویات اور پرامیسری نوٹ اور نوٹ سرکاری اور تمسکات یا دیگر کفالت نامجات زر نقد اور زر قرضہ اور حصہ منجملہ سرمایہ یا سرمایہ مشترکہ کسی کارخانہ یا مجمع کوٹھی داد وستد یا اور کسی مجمع عام یا جماعت سوداگران کے اور کل جایداد ہر قسم کی منقولہ یا غیر منقولہ ازان مدعاعلیہ خواہ جایداد مذکور اوسکے نام سی ہو یا بطور امانت یا منجانب اوسکے دوسری شخص کے نام سی ہو باستثنای زمین کہیت و آلات کشاورزی و حرفہ کاری و نتہنی طلا و قلبہ نرگاو —

دفعہ ۸ — جو روپیہ بموجب حکم ڈگری واجب الادا ہو وہ اوس عدالتمین داخل کیا جائیگا جس سی اجرای ڈگری مذکورہ متعلق ہووی الا اوس صورتمین کہ عدالت موصوفہ یا عدالت مجوز ڈگری اور طرح پر حکم دیوی اور تصفیہ زر ڈگری بابت کل یا جزو کے قابل جواز اوس عدالت کے نہوگا تا وقتیکہ وہ تصفیہ معرفت حاکم عدالت کے نہو یا کہ وہ شخص جسکے حق مین ڈگری ہوئی یا جسکے نام ڈگری منتقل کیگئی ہو حاکم کو اوس تصفیہ کی اطلاع دی

درخواست اجرای ڈگری

دفعہ ۹ - جب کوئی ڈگریدار اپنی ڈگری کو جاری کرایا چاہی وہ مجاز ہی کہ اصالتاً خواہ معرفت اپنی مختار مقدمہ کے یا معرفت اور کسی مختار کی جو اوسکی جانب سی واسطی پیروی اوس امر کے حسب ضابطہ مقرر کیا گیا ہو اوس عدالت مین درخواست گذرانی کہ جسپر اجرای ڈگری لازم ہو - اگر دو یا کئی ڈگری دار ہون تو منجملہ اونکی ایک یا کئی شخص درخواست گذران سکتی ہین بشرطیکہ عدالت کے نزدیک گذرنا درخواست کا اوسکی یا اونکی جانب سی از روی وجہ موجہ کے مناسب متصور ہو اور ایسی صورت مین عدالت ایسا حکم مناسب صادر کری گی جس سی حفظ دیگر ڈگریداران کا ہو

دفعہ ۱۰ - اگر انتقال کسی ڈگری کا بذریعہ انتقال یا بوجہ اثر قانون کے اصل ڈگری دار کی طرف سی دوسری شخص کے ساتھہ عمل مین آوی تو درخواست اجرای ڈگری مذکور منتقل علیہ یا اوسکے مختار کی معرفت گذر سکتی ہے اور اگر عدالت درخواست مذکور کو منظور کریسے تو اجرای ڈگری اوسی طور پر ہوگا کہ گویا اصل ڈگریدار کی طرف سی درخواست گذری

دفعہ ۱۱ - اگر فریقین فی الیسہین ایک دوسری کے اوپر علیحدہ علیحدہ ڈگری زر نقد حاصل کی ہو تو اجرای اوس فریق کی ڈگری کا عمل مین آویگا کہ جسکا زر ڈگری کثیر ہو اور صرف بقدر زر کی بابت جو بعد مجرا دینی زر قلیل کے باقی رہے اور زر کثیر کی ڈگری پر ایفای زر قلیل کا درج ہوگا اور یہی زر قلیل کی ڈگری پر ایفای زر مذکور کا مندرج ہوگا اور اگر روپیہ دونون ڈگری کا مقدار مین مساوی ہو تو ہر دو ڈگریون پر ایفای زر مذکور کا درج ہوگا

دفعہ ۱۲ - اگر کوئی شخص جسکے اوپر ڈگری ہوئی ہو قبل از تکمیل اجرای ڈگری مذکور کے وفات پاوی تو جایز ہی کہ درخواست اجرای ڈگری کی وارث جایز یا متروکہ شخص متوفی کی نسبت گذری اور اگر عدالت ایسی درخواست کو منظور کرنا مناسب سمجھے تو ڈگری جاری ہو سکتی ہے

دفعہ ۱۳ — اگر حکم اجراے ڈگری کا نسبت وارث جایز کے صادر ہو تو اجرای اسکا
مطابق اوس طریقہ کے عمل مین آسکتا ہی جو اس قانون کی دفعہ ۵ مین دربارہ اجرای ڈگری
زر نقد کے جو شخص متوفی کی جایداد سی دلانا چاہئی مندرج ہے

دفعہ ۱۴ — درخواست اجرای ڈگری تحریری ہوگی اور اوس مین تفصیل مراتب
مفصلہ ذیل بطور نقشہ درج ہوگی یعنی نمبر مقدمہ اور اسمای متخاصمین اور تاریخ ڈگری
اور کیفیت اس امر کی کہ بنا راضی ڈگری کے اپیل ہوا یا نہین اور یہہ کہ شی ڈگری کسکی بابت
کسی طرح کا تصفیہ درمیان متخاصمین بعد صدور ڈگری کے عمل مین آیا اور اگر عمل مین آیا
تو وہ تصفیہ کس طرح کا ہی اور تعداد زر قرضہ یا ہرجہ جو ڈگری کے روسی باقی ہو یا ڈگری کے
روسی اور کسی طرح کی دادرسی ہوئی ہو اور تعداد زر خرچہ بشرطیکہ خرچہ دلایا گیا ہو اور نام اوس
شخص کا کہ جسکے اوپر ڈگری جاری کرانا منظور ہو اور یہہ کہ کس طرح سی عدالت کی
اعانت مطلوب ہی یعنی یہہ کہ کوئی مال جسکی نسبت ڈگری یا تشخیص ہوئی ہو دلایا جاوی
یا گرفتاری اور قید شخص موسوم الیہ کی یا قرقی اوس کی جایداد کی عمل مین آوی یا یہہ کہ
کسی اور طرح کی سبیل حسب حال مقدمہ کے کی جاوے

دفعہ ۱۵ — جب درخواست بابت قرقی جایداد غیر منقولہ ازان مدعاعلیہ کے
گذری اوسکے ساتھہ سایل ایک قطعہ تعلیقہ یا فہرست جایداد مذکور کی باندراج کیفیت
ہر شی کے جس سی اوس شی کی شناخت ہوسکے بعد تفصیل حصہ با استحقاق مدعاعلیہ جہانتک
کہ سایل کو معلوم ہو اور حتی الوسع اپنی دریافت کی منسلک کرے

دفعہ ۱۶ — اگر سایل اسبات کی درخواست کری کہ مدعاعلیہ کی جایداد منقولہ
یا اوسکا جزو قرق کیا جاوی تو جایز ہی کہ درخواست کے ساتھہ قطعہ تعلیقہ یا فہرست اوس
جایداد کی جس کی قرقی منظور ہو باندراج کیفیت ہر شی جہان تک ممکن ہو صحت کی ساتھہ
داخل ہووے یا سایل اسبات کا مجاز ہی کہ مدعاعلیہ کی جایداد منقولہ کو جہان کہین وہ پائی

جاری اور جو واسطے ایفای ڈگری اور خرچہ کے ملتفی ہو عموماً درج کرادی

دفعہ ۱۷ — جب کوئی درخواست اجرای ڈگری بمعہ تفصیل مراتب مذکورہ بالا یا اوس تفصیل کے ساتھہ جو مقدمہ سی متعلق ہو عدالت مین گذری تو اوسوقت عدالت کو لازم ہی کہ تفصیل مذکورہ کو اصل ڈگری سی جو مقدمہ کی مثل مین شامل ہو مقابلہ کراوی اور اگر درخواست اور تفصیل مین تطبیق ہو تو سوال کی یادداشت اور اوسکی گذرنے کی تاریخ بہی رجسٹر مقدمات مین درج کرے اور اگر تفصیل مذکورہ اصل ڈگری کی ساتہہ مطابق نہو تو حاکم عدالت درخواست مذکورہ سایل کو واسطے تصحیح کے واپس کریگا یا خود برضامندی سایل کے غلطی کی نسبت اصلاح مناسب کریگا اور اگر درخواست منظور ہو جائے تو حاکم عدالت حکم اجرای ڈگری کا حسب مراد درخواست کے صادر کریگا

ذکر طریقہ کارروائی جو بعض صورتون مین قبل اجرای حکمنامہ کے عمل مین آتا ہے

دفعہ ۱۸ — اگر تاریخ فیصلہ سی وقت گذرنی درخواست اجرای ڈگری کے ایک برس سی زیادہ عرصہ گذر جائے یا کسی اصل فریق مقدمہ وارث یا قایممقام کے اوپر ڈگری جاری کرانی کی درخواست ہو تو حاکم عدالت ایک اطلاعنامہ بنام اوس شخص کے کہ جسکے اوپر ڈگری جاری کرانیکی درخواست ہو مشعر اسبات کے صادر کریگا کہ نامبردہ بمیعاد معینہ عدالت کے اعتراض نسبت جاری ہونی ڈگری کے پیش کری لیکن جاری ہونا اطلاعنامہ مذکور کا بوجہ اس کے کہ عرصہ زاید ایکسال مابین تاریخ ڈگری و درخواست اجرای ڈگری کے گذر گیا ہی اسصورت مین ضرور نہوگا کہ کوئی درخواست اجرای ڈگری پیشتر گذر کر اوس پر حکم صادر ہو گیا ہو اور درخواست حال اوس پچھلے حکم کی تاریخ سی

اندر ایکسال کے گذری ہو اور علاوہ اسکے جاری ہونا اطلاعنامہ مذکورہ کا اوس صورت
مین بہی ضرور نہوگا کہ برطبق گذرنے سابق درخواست اجرای ڈگری نسبت کسی وارث یا
قائم مقام کے عدالت سی حکم اجراے ڈگری کا اوسکی نسبت صادر ہو گیا ہو اور پہر درخواست
جدید اوسی شخص کی نسبت گذرے

دفعہ ۱۹ اگر بعد جاری ہونی ایسی اطلاعنامہ کے وہ شخص کہ جسکی نسبت اطلاعنامہ
جاری ہوا ہو اصالتًہ یا وکالتًہ حاضر نہووی اور وجہ موجہ حسب اطمینان عدالت نسبت
فورًا جاری نہونی ڈگری کے پیش نہ کری تو حاکم عدالت حکم اجراکا صادر کریگا اگر شخص مذکور
اصالتًہ یا وکالتًہ حاضر ہووی اور نسبت اجرای ڈگری کے کچھہ اعتراض پیش کرے
تو حاکم عدالت ایسا حکم صادر کری جو بنظر حالات مقدمہ کے بجا اور مناسب متصور ہو

دفعہ ۲۰ – جب درخواست سایل عمومًا واسطے تحقیقات جایداد
منقولہ ازان مدعاعلیہ کے گذری حاکم عدالت مجاز ہوگا کہ اگر مناسب سمجھی قبل جاری
کرنی حکم قرقی مذکور کے سایل سے ضمانت حسب اطمینان عدالت بقدر اوس روپیہ کے
طلب کری جو واسطی تلافی اوس نقصان کے کافی متصور ہو کہ نسبت قرقی جایداد
ازان شخص غیر مدعاعلیہ کے عاید ہو

دفعہ ۲۱ – حاکم عدالت مجاز ہی کہ قبل صدور حکم قرقی عام کے یا باستدعا
مدعی کے کسی وقت بعد صدور فیصلہ اور قبل تکمیل اجرای ڈگری کے اوس شخص کو
جسکی نسبت درخواست گذری طلب کرے اور بہ نسبت اوس جایداد کی جو ایفای
ڈگری قابل قرقی ہو اوسکا اظہار لیوی حاکم عدالت ایسا ہی مجاز ہی کہ باختیار
خود یا باستدعا کسی اور شخص کے جسکا سود و زیان تحقیقات سی متعلق ہو جس شخص کو
چاہے طلب کرے اور نسبت جایداد مذکور کے اوسکا اظہار لیوے اور شخص مطلوبہ سے کل
دستاویزات اور کاغذات متعلقہ جایداد مذکور جو اوسکے قبضہ یا اختیار مین ہون طلب کری

دفعہ ۲۲ — جب اطلاعنامہ واسطی حاضری احد الفریقین مقدمہ یا کسی اور شخص کے
کسی وقت بعد صدور فیصلہ کے جاری ہو تو ایسی کل صورتون مین وہی قواعد نسبت
فریق یا گواہ مطلوبہ کے نافذ ہونگی جن سے کہ روسی طلبی فریقین اور گواہون کی بعد
تحریر امور تنقیح طلب کے عمل مین آتی ہی اور اظہار لئی جاتے ہین

اجرای حکمنامہ

دفعہ ۲۳ — بعد تکمیل جملہ مراتب تمہیدی کے اگر تکمیل اون مراتب کی
ضرور ہو حاکم عدالت حسب ضابطہ حکمنامہ واسطی اجرای ڈگری کے جاری کریگا بشرطیکہ
مومی الیہ کے نزدیک کوئی وجہ مانع نہو

دفعہ ۲۴ — اجرای ڈگری کے ہر حکمنامہ پر روز اجرای کی تاریخ اور دستخط
حاکم اور مہر عدالت ثبت ہو اور حکمنامہ مذکور ناظر یا دیگر اہلکار مجاز عدالت کو حوالہ
کیا جائی اور حکمنامہ مین ایک روز معین ہونا چاہیے کہ اوسی روز یا قبل اوسکے عمل
مین آوی اور ناظر یا دیگر اہلکار مجاز حکمنامہ کے ظہر پر تاریخ اور طریقہ تعمیل کا ثبت
کری یا درصورت عدم تعمیل اوسکے وجہ عدم تعمیل کی لکھی اور حکمنامہ کو بہ ثبت
کیفیت ظہری مذکور اوس عدالتمین واپس کری جہان سی وہ جاری ہوا ہو

ذکر اجرای ڈگری بابت جایداد غیر منقولہ

دفعہ ۲۵ — اگر ڈگری بابت جایداد غیر منقولہ کے صادر ہوئی ہو اور وہ
جایداد مدعاعلیہ کے قبضہ مین ہو یا بقبضہ کسی شخص منجانب مدعاعلیہ یا کسی ایسی دعویدار کی
ہو جسکے ہاتھ مدعاعلیہ نے استحقاق اپنا بعد ارجاع نالش کے منتقل کیا ہو تو حاکم عدالت
اوس شخص کو کہ جسکی حق مین ڈگری بابت جایداد غیر منقولہ کے صادر ہوی ہو یا
اوس شخص کو جسکو ڈگریدار اپنی طرف سے دخل لینی کیواسطی مقرر کری دخل دلاوے
اور عند الضرورت اوس شخص کو جو اوسکا قبضہ چھوڑنے سے انکار کری بیدخل کری

دفعه ۲۶ - اگر ڈگری بابت جایداد غیر منقولہ کے ہو اور وہ جایداد بقبضہ رعایا یا دیگر شخص مستحق دخل کے ہو تو حاکم عدالت مجاز ہوگا کہ اس جایداد غیر منقولہ کے کسی منظر عام پر اشتہار آویزان کرکے دخل دلاوی اور قابضان جایداد مذکور بذریعہ منادی بضرب دہل بموقعہای مناسب حسب ذیل رواج مروجہ کی مضمون ڈگریکا نسبت جایداد مذکور مشتہر کراوی

دفعه ۲۷ - اگر وقت تعمیل ڈگری کے جو بابت جایداد غیر منقولہ کے ہو کوئی شخص اہلکار جاری کنندہ کا مقابل یا ہارج ہووی تو ڈگریدار وقت مقابلہ یا ہارج سی کسے وقت ایک مہینی کے اندر استغاثہ اپنا عدالت مین گذرانے اور حاکم عدالت مجاز ہوگا کہ نسبت استغاثہ کے تحقیقات کری اور بنظر حالات مقدمہ کی جو حکم مناسب ہو صادر کرے

دفعه ۲۸ - اگر حسب اطمینان عدالت یہہ بات معلوم ہو کہ مدعاعلیہ یا اور کوئی شخص باغوای اوسکی بوجہ مندرج ہونے جایداد غیر منقولہ کی ڈگری مین یا کسی اور وجہ کی بناء پر مقابل یا ہارج ہو تو حاکم عدالت مجاز ہوگا کہ نسبت استغاثہ کے تحقیقات کری اور بنظر حالات مقدمہ کی جو حکم مناسب ہو صادر کری

دفعه ۲۹ - اگر حاکم عدالت کو بعد اوس قدر تحقیقات حالات مقدمہ کے کہ جو حکم مناسب ہو اسبات کا اطمینان ہو جائے کہ مقابلہ یا ہارج جسکی نسبت استغاثہ پیش ہوا ہو بیجا تہا اور یہہ کہ مدعاعلیہ یا دیگر شخص اوسکی اغوسے باین غرض مقابل اور ہارج ہو رہا ہے کہ مستغیث کوئی ڈگریکا قبضہ کلی حاصل نہووی تو حاکم عدالت مجاز ہی کہ حسب استدعای مدعی کے مدعاعلیہ یا دیگر شخص مذکور کو واسطی اوس قدر میعاد کی جو تیس دن سے زیادہ نہو بنظر انسداد مداومت مقابلہ یا ہارج مذکور کے قید کری درصورتیکہ اس طرح کی تجویز ہارج کسی ایسی کارروائی کی نہو کہ جسکے روسے مدعاعلیہ یا دیگر شخص مذکور بموجب

کسی قانون کے جو اسوقت نسبت تدارک مقابلہ یا ہرج کے نافذ ہو سزاوار سمجھا جائے

دفعہ ۳۰ — اگر حسب اطمینان حاکم عدالت کے یہہ بات معلوم ہو کہ مقابلہ یا ہرج نسبت اجرای ڈگری منجانب کسی اور شخص کے سرزد ہوا کہ جو مدعا علیہ نہو اور جو یہہ دعوی کری کہ وہ فی الحقیقت بذات خاص یا منجانب کسی اور شخص کے جایداد مذکور پر قابض ہی تو دعوی اوسکا دایر نمبر اور داخل رجسٹر ہو کر ایک مقدمہ قرار دیا جایگا کہ جس مین ڈگریدار مدعی متصور ہوگا اور دعویدار مذکور مدعا علیہ اور حاکم عدالت کو لازم ہوگا کہ دعوی کی نسبت اوسی تجویز اور اختیار سی تحقیقات کری جیسے کہ کوئی نالش بابت جایداد ڈگریدار کی طرف سی بنام دعویدار کے ازروی قانون ہذا کے دایر ہوئی ہو اور بنظر حالات مقدمہ کے جیسا مناسب متصور ہو اوسکو موافق حکم التوای یا اجرای ڈگری کا صادر کری اور اس طرحکی تجویز ہارج کسی ایسی کارروائی کی نہ ہوگی کہ جسکے روسی شخص دعویدار بموجب کسی قانون کے جو اسوقت نسبت تدارک جرم مقابلہ یا ہرج کے نافذ ہو سزاوار سمجھا جائے

دفعہ ۳۱ — اگر کوئی شخص جو مدعا علیہ نہو بعلت اجرای ڈگری کے کسی جایداد غیر منقولہ سے بیدخل ہو جاوی اور شخص مذکور متعرض ہو کہ ڈگریدار کو استحقاق اوسکے بیدخل کرنیکا جایداد مذکور سی ازروی ڈگری کے اس وجہ سی نہین پہونچتا ہی کہ وہ شخص خود یا دیگر شخص کی جانب سی جو مدعا علیہ نہو جایداد مذکور پر حقیقت مین قابض ہے اور جایداد مذکور ڈگری مین مندرج نہ تہی یا اگر عذر اوسکا یہہ ہو کہ ڈگری مین مندرج تہی مگر وہ اوس مقدمہ کے فریقین سے نہ تہا کہ جس مین ڈگری صادر ہوی تو وہ مجاز ہے کہ اندر ایک مہینے کے تاریخ بیدخلی مذکور سی عدالت مین درخواست گذرانی اور اگر بعد لینے اظہار سایل کے حاکم عدالت کو معلوم ہو کہ درخواست ازروی وجہ معقول کے گذری ہے تو درخواست دایر نمبر اور داخل رجسٹر ہو کر ایک مقدمہ قرار

دیا جائیگا کہ جسمین سایل مدعی متصور ہوگا اور ڈگری دار مدعا علیہ اور حاکم عدالت نسبت نزاع کے اوس تجویز و اختیار سی تحقیقات کریگا جیسے کہ کوئی نالش بابت جایداد کے منجانب سایل بنام ڈگریدار کے دایر ہوئی ہو

دفعہ ۳۲ — اگر منجملہ دفعات نمبر ۳۰ و نمبر ۳۱ کے کسی دفعہ کے روسی کوئی فیصلہ صادر ہو تو وہ فیصلہ مثل فیصلہ نالش معمولی کے ناطق متصور ہوگا اور جن قواعد کے مطابق کہ اپیل بنا راضی ڈگریات کے دایر ہوتا ہے وہی قواعد ایسے فیصلہ کی اپیل سی بھی متعلق ہونگے اور کوئی نالش جدید باہم اونہین فریقین یا باہم اون اشخاص کے کہ جو بذریعہ قائم مقام ہونی فریقین مذکورین کے اوسی بناء نالش کے روسے دعویدار ہون مسموع نہوگی

ذکر اجراے ڈگری زرنقد بذریعہ قرقی جایداد

دفعہ ۳۳ — اگر ڈگری بابت زرنقد کے ہو اور زر ڈگری اوس شخص کی جایداد سے واجب الوصول ہو جسپر وہ صادر ہوئی ہو تو صاحب عدالت مجاز ہے کہ جایداد کو بطریقہ مفصلہ ذیل قرق کراوے

دفعہ ۳۴ — جب جایداد از قبیل اسباب یا مال یا دیگر شی منقولہ بقبضہ مدعا علیہ کے ہو تو قرقی بذریعہ خاص ضبطی کے عمل مین آئیگی اور ناظر یا دیگر اہلکار اوس شی کو اپنی خواہ اپنے نایب کی حوالات مین رکھیگا اور اسکی حفاظت کا ذمہ وار ہوگا

دفعہ ۳۵ — جب جایداد از قبیل اسباب یا مال یا دیگر شی منقولہ کے ہو اور مدعا علیہ کو اوسکی نسبت استحقاق ہو پہنچتا ہو مگر کوئی شخص دیگر بذریعہ کسی حق یا اور کسی مطالبہ کے اوسکے قبضہ کا مستحق ہو تو قرقی اوسکی بذریعہ حکم تحریری متضمن ممانعت کی کہ شخص قابض شی مذکورہ کو حوالہ مدعا علیہ کے نکرے عمل مین آئیگی

دفعہ ۳۶ — جب جایداد از قبیل شی غیر منقولہ کے ہو تو قرقی بذریعہ حکم

تحریری متضمن اسبات کی عمل مین آئیگی کہ مدعا علیہ جایداد کو بذریعہ بیع یا ہبہ کے
یا اور کسیطرحسی منتقل نہ کری اور کوئی شخص اوس جایداد کو بذریعہ خرید یا ہبہ کے یا او
کسیطرح سے نہ لیوے

دفعہ ۳۷ — جب جایداد از قبیل دیون کے ہو مگر وہ دیون از قسم دستاویز
قابل بیع و شری کے نہون یا جب جایداد مجمع داد و ستد یا کسی اور مجمع عام کے
حصص کے قبیل سی ہو تو قرقی ایسے حصص کی بذریعہ حکم تحریری متضمن اسبات کی
عمل مین آئیگی کہ نہ داین تا صدور حکم ثانی عدالت کے زر قرضہ وصول کری اور
نہ مدیون قرضہ مذکور کسی شخص کو ادا کرے اور یہہ کہ جس شخص کے نام سی حصص مذکور
ہون وہ شخص حصص مذکور کو نہ انتقال کرے اور نہ اپنا کچہہ منافع لیوی اور یہہ کہ مہتمم
یا سکریٹر یا دیگر اہلکار مجاز ایسے مجمع یا جماعت کا تا صدور حکم ثانی انتقال نہ ہونی دیوے
اور نہ کچہہ منافع تقسیم کرے

دفعہ ۳۸ — جب جایداد از قبیل زر نقد یا کسی نوٹ سرکاری یا غیر سرکاری
کے ہو کہ جو کسی عدالت مین داخل ہو یا کسی عہدہ دار سرکاری کے تحویل مین ہو
اور وہ نوٹ ایسا ہو کہ مدعا علیہ کو یا کسی کو منجانب اوسکے وجب الادا ہو یا واجب
الادا ہونی والا ہو تو قرقی اوسکی بذریعہ اطلاع بنام عدالت یا عہدہ دار مذکور بدرخواست
اس امر کے عمل مین آئیگی کہ زر نقد یا نوٹ مذکور تا صدور حکم ثانی اوس عدالت کے
جہان سے وہ تحریر اطلاعی جاری ہوئی ہو بدستور تحویل مین رہی مگر شرط یہہ ہے
کہ اگر اوس عدالت مین جسکی تحویل مین زر نقد یا نوٹ مذکور ہو کسیطرح کا عذر نسبت
استحقاق یا تقدیم اجرای باہم ڈگری دار یا کسی دیگر شخص کے پیش ہو جو مدعا علیہ ہو
اور جو زر نقد اور نوٹ مذکور کی نسبت بذریعہ کسی تفویض یا قرقی یا اور کسی صورت
سے دعویدار ہو تصفیہ ایسے نزاع کا اوس عدالت سے ہوگا جسکی تحویل مین زر نقد یا نوٹ

مذکور ہو

دفعہ ۳۹ — جب جایداد از قبیل دستاویز قابل بیع وشری کے ہو تو قرقی اوسکی بذریعہ خاص ضبطی کے عمل مین آئیگی اور ناظر یا دیگر اہلکار دستاویز مذکور کو عدالت مین لائیگا اور دستاویز مذکور تا صدور حکم ثانی عدالت کی تحویل مین رہیگی

دفعہ ۴۰ — اگر اسباب یا مال یا دیگر شی منقولہ مدعاعلیہ کے قبضہ مین نہو تو حکم تحریری کچہری کے کسی منظر عام پر آویزان کیا جائیگا اور نقل حکم مذکور کا قابض جایداد کو حوالہ کیجائیگی یا اوسکے پاس بسبیل ڈاک کے رجسٹری ہوکر مرسل ہوگی اور درصورتیکہ جایداد از قبیل مکانات یا دیگر شی غیر منقولہ کے ہو تو حکم تحریری ایسے مکانات یا دیگر جایداد پر یا اوسکے متصل باواز بلند پڑہا جائیگا اور کچہری کے کسی منظر عام پر آویزان کیا جائیگا اور اگر جایداد از قبیل دیون ہو تو حکم تحریری کچہری کے منظر عام پر آویزان کرایا جائیگا اور نقل حکم تحریری کی جو دیون کو حوالہ کیجائیگی یا اوسکے پاس بسبیل ڈاک کے رجسٹری ہوکر مرسل ہوگی اور اگر جایداد از قبیل حصص سرمایہ یا سرمایہ مشترکہ کسی کارخانہ داد وستد یا کسی اور کمپنی یا جماعت سوداگران کی ہو تو حکم تحریری ایسی صورت مین بہی کچہری کے کسی منظر عام پر آویزان کیا جائیگا اور نقل حکم مذکور کی ایسے مجمع یا جماعت کی مہتمم یا کسی اور عہدہ دار مجاز کو حوالہ کیجائیگی یا اوسکے پاس بسبیل ڈاک رجسٹری ہوکر مرسل ہوگی

دفعہ ۴۱ — اگر قرقی بذریعہ خاص ضبطی یا بذریعہ حکم تحریری مذکورۃ الصدر کے عمل مین آوی اور حکم تحریری متضمن قرقی صادر ہوکر اعلان اور اشتہار اوسکا بطریقہ مندرجہ بالا حسب ضابطہ عمل مین آیا ہو تو انتقال خانگی جایداد مقروقہ کا بذریعہ بیع یا ہبہ یا اور کسی نوع سے یا ادا کیا جانا کسی دین یا دیون یا دیا جانا منافع حصص کا مدعاعلیہ کو بحالت قرقی کے باطل اور ناجایز ہوگا

دفعہ ۲۴ — جب کسی مدیون کی نسبت یہہ حکم ہو کہ وہ زر قرضہ اپنا داین کو ادا کرے تو وہ مجاز ہے کہ قرضہ مذکور عدالت مین داخل کرے اور داخل ہونا روپیہ کا عدالتمین ایسا تصور کیا جائیگا کہ گویا وہ روپیہ شخص مستحق وصول زر قرضہ کو دیا گیا

دفعہ ۳۴ — جملہ حالات قرقی متذکرہ دفعات ماسبق مین حاکم عدالت مجاز ہوگا کہ حالت قرقی مین کسی وقت اسبات کا حکم دے کہ کسی قدر حصہ یا حصہ کافی جایداد مقروقہ کا جو از قبیل زر نقد یا بنک نوٹ کے ہو اوس شخص کو دیا جائے جو اجراے ڈگری کی درخواست گذرانے یا یہہ کہ جایداد مقروقہ کا کسی قدر حصہ جو از قبیل زر نقد یا بنک نوٹ ہو اور جو واسطے ایفاے ڈگری کے کافی ہو نیلام کیا جائے اور جو روپیہ نیلام مذکور سے وصول ہو اوس مین سے جسقدر کافی ہو شخص مذکور کو دیا جائے

دفعہ ۴۴ — جب کہ جایداد مقروقہ از قبیل دیون یا قیمتی شخص ذمہ وار زر ڈگری کے ہو یا از قبیل مکانات یا دیگر شی غیر منقولہ کے ہو تو صاحب عدالت مجاز ہوگا کہ جایداد مذکور کے لئے کوئی سربراہ کار مقرر کرے اور اوسکو اسبات کا اختیار دیوے کہ قرضہ کی بابت نالش یا دیگر آمدنی اور منافع جایداد غیر منقولہ کا تحصیل کرے اور اوس آمدنی بابت جو دستاویز ضروری ہو لکھے اور آمدنی اور منافع مذکور واسطے اداے زر ڈگری اور خرچہ کے صرف کرے اگر شی مقروقہ از قسم جایداد غیر منقولہ ہو تو اگر مدیون ڈگری عدالت کو اس امر سے مطمئن کردے کہ وجہ کافی اس گمان کی ہے کہ تعداد ڈگری شدہ جایداد غیر منقولہ کی رہن کرنے سے یا جزو جایداد غیر منقولہ مملوکہ مدیون ڈگری کے انتقال یا بیع خانگی کرنے وصول ہو سکتی ہے تو حاکم عدالت مجاز ہے کہ بر طبق گذرانے درخواست مدیون ڈگری نیلام کو اوس قدر عرصہ تک ملتوی رکھے جسمین کہ مدیون ڈگری کو واسطے

مہیا کرنی اوس روپیہ کی فرصت مناسب ملی اور جبکہ مقدمہ مین سربراہ کار مقرر کیا جاوی تو اوسپر واجب ہوگا کہ وہ حسب ہدایات عدالت کی جو وقتاً فوقتاً صادر ہوین حساب جمع وخرچ صحیح مرتب کرکے داخل کرے

دفعہ ۵ ۴ ــ اگر زر ڈگری مع خرچہ اور دیگر کل اخراجات قرقی کی عدالت مین داخل ہو جائین یا اگر زر ڈگری تمام وکمال اور طرح پر ادا ہو جائی تو حاکم عدالت حکم واگذاشت شی مقروقہ کا صادر کریگا اور اگر مدعاعلیہ چاہی اور عدالت مین خرچ کافی جمع کری تو اوس طریقہ کے موافق جو واسطے اشتہارات اور اعلان قرقی کے اوپر مذکور ہو چکا ہی حکم واگذاشت کا مشتہر کرا دیا جائی اور اوس سی اطلاع دی جاوی اور جو تدبیر کہ واسطے التوای کارروائی آئندہ بصیغہ اجرای ڈگری کے ضرور ہو عمل مین آوی گی

ذکر دعوی نسبت جایداد مقروقہ

دفعہ ۶ ۴ ــ جب جایداد غیر منقولہ یا منقولہ بعلت اجرای ڈگری بموجب کسی حکم قرقی مصدورہ قبل تجویز مقدمہ کے قرق ہو اور اوسکی نیلام کی نسبت کوئی دعوی یا عذر اس بیان سے پیش کیا جائی کہ جایداد مذکور بعلت ڈگری موسومہ مدعاعلیہ کی قابل نیلام نہین ہے تو صاحب عدالت بحفظ قواعد مندرجہ دفعہ مابعد دفعہ ہذا کے تحقیقات اوس کی اونہین اختیارات سے کریگا کہ گویا دعویدار دراصل مدعاعلیہ مقدمہ گردانا گیا اور بموجب اون اختیارات کی کاربند ہو جو دربارہ طلبی اصل مدعاعلیہ کی اس قانون کی دفعہ ۲۲ ــ مین درج ہین اور اگر حاکم عدالت اسباب سی مطمئن ہو جائی کہ جایداد غیر منقولہ یا منقولہ اوس شخص کے قبضہ مین جسپر اجرای مطلوب ہی یا کسی اور شخص کی امانت مین منجانب اوسکی نہین ہی یا کہ جو عذر دار ہو اوسپر قابض نہین ہین یا یہ کہ وہ جایداد وقت قرقی کے اوسکی

قبضہ مین تو ہے مگر وہ بطور مالک کے یا اپنی طرف سی اوسپر دخیل نہ تہا بلکہ منجانب شخص دیگر
یا امانتاً اوس پر قابض تہا تو صاحب عدالت اوس جایداد کو قرقی سے واگذاشت کریگا
لیکن اگر یہہ امر حسب اطمینان عدالت کے پایا جاوے کہ جایداد غیر منقولہ یا منقولہ اوس شخص
کی قبضہ مین بطور ملکیت ہی جسپر اجراے مطلوب ہو اور وہ کسی دوسری شخص کی طرف
سی اوسپر قابض نہین ہے یا یہہ کہ بقبضہ کسی اور شخص کے اوسکی طرف سے امانتاً ہی تو صاحب عدالت حکم
نامنظوری دعوی صادر کریگا جو حکم کہ اس دفعہ کے مطابق صادر ہوگا اوسکا اپیل نہوسکیگا
لیکن جس شخص کی حق مین وہ حکم مضر ہو اوسکو اختیار ہوگا کہ تاریخ حکم سی ایک برس کے اندر واسطے اثبات اپنی حق کی نالش رجوع کرے

دفعہ ۴۷ — جس عدالت سی حکم قرقی کا صادر ہوا ہو اوسی عدالت مین دعوی
یا عذر جسقدر جلد ممکن ہو پیش کیا جائیگا اور اگر شی متدعویہ یا عذریہ بمشتہریہ نیلام ہوئی
ہو تو نیلام درصورت ضرورت اس غرض سے ملتوی کیا جائیگا کہ تحقیقات متذکرہ دفعہ
مقدم الذکر عمل مین آوے لیکن اگر یہہ پایا جاوے کہ عذر عمداً اور بلا ضرورت بنظر ہرج حریفی
کی بتوقف پیش ہوا ہے تو اوسکی تحقیقات نکیجاویگی اور ایسی حکم کا اپیل جسکی رو سے
تحقیقات نامنظور ہوئی ہو ہوگا مگر دعویدار کو اختیار رہوگا کہ اثبات دعوی بذریعہ نالش
نمبری کے پیش کرے

ذکر نیلام بعلت اجراے ڈگری

دفعہ ۴۸ — نیلام بعلت اجراے ڈگری معرفت کسی اہلکار عدالت یا دیگر شخص
مقررہ عدالت کی کرایا جائیگا اور ہر حالت مین حسب طریقہ متذکرہ ذیل نیلام برملا
ہوگا الا اگر جایداد قابل نیلام از قبیل دستاویزات قابل بیع وشری یا حصص کسی
کارخانہ یا کوٹہی دادوستد یا کمپنی یا جماعت سوداگران کے ہو تو حاکم عدالت مجاز ہوگا
کہ بجاے صادر کرنی حکم نیلام برملا کے ایسی دستاویزات یا حصص مذکورہ بالا کو مطابق نرخ بازار
معرفت دلال کی فروخت کرائے

دفعہ ۴۹ – جب نیلام جایداد منقولہ یا غیر منقولہ کا بعلت اجراے ڈگری کے مرکوز ہو تو جملہ ایسی حالات مین ایک اشتہار نیلام بزبان مروجہ ضلع جاری کیا جائیگا اور اوس مین تعین وقت اور مقام نیلام اور شی نیلامی اور مقدار روپیہ کی جسکی وصول کی لئے حکم نیلام صادر ہوا ہو معہ کیفیت اور امور کی جو حاکم عدالت مناسب سمجھے درج کیجائیگی اور اشتہار مین اسبات کی توضیح کیجائیگی کہ صرف وہی حق اور استحقاق جو مدعا علیہ کو جایداد مفصلہ اشتہار مین حاصل ہے نیلام ہوگا اور ایسا اشتہار بضرب دہل یا جس طور پر کہ رواج ہو اوس جگہہ مشتہر کرایا جائیگا جہان قرقی ہوئی ہو اور ایک اشتہار تحریری وہی مضمون کا بمقام کچہری حاکم جس کے حکم سے نیلام ہوا ہو اور یہی بمنظر خاص و عام قصبہ یا دیہہ کے جہان جایداد قرق ہوئی ہو آویزان کیا جائیگا تا وقتیکہ کم سی کم میعاد بیس روز کی بحالت ہونی جایداد غیر منقولہ کی اور کم سی کم میعاد پندرہ ۱۵ روز کی درصورت ہونی جایداد منقولہ کی منقضی نہو جائی نیلام نہوگا اور جس تاریخ کہ اشتہار آمر نیلام کی کچہری مین آویزان ہوا ہو اوسی تاریخ سے میعاد شمار ہوگی

دفعہ ۵۰ – جب کہ جایداد قرقی طلب از قبیل اسباب یا مال یا دیگر جایداد منقولہ باستثنای دیون کے ہو تو حاکم آمر نیلام کو اختیار ہے کہ معمولی احکام قرقی اور نیلام کے بتواتر یا معاً جیسا کہ ہر یک حال مین مناسب سمجھے صادر کرے

دفعہ ۵۱ – نیلام شی منقولہ کی کل صورتون مین قیمت ہر ایک لاٹ کی وقت نیلام یا جسقدر جلد بعد نیلام کی اہلکار نیلام تجویز کری داخل کرنی ہوگی اور درصورت ادا نہونی زرثمن کے وہ شی فوراً پھر نیلام کیجائیگی اور بعد ادای زرثمن کے اہلکار نیلام ایک رسید اوسکی بابت دیگا اور اوسوقت نیلام مکمل سمجھا جائیگا

دفعہ ۵۲ – نیلام جایداد منقولہ کا بعلت اجراے ڈگری کے بوجہ کسی بیضابطگی کے قابل منسوخی نہوگا لیکن اگر کسی شخص کو ایسی بیضابطگی سے ضرر پہونچے تو

اوسکو اختیار رہیگا کہ وہ عدالتہائے نالش واسطے وصول یابی ہرجہ کے دایر کرے

دفعہ ۵۳ — نیلام جایداد غیر منقولہ کی جملہ صورتونمین اوس شخص سے جو خریدار نیلام قرار دیا جائے اوسکی بولی کی تعداد پر پچیس روپیہ سیکڑہ فوراً جمع کرالیا جائیگا اور درصورت جمع نہونے روپیہ مذکور کے جایداد فوراً پھر نیلام کیجائیگی

دفعہ ۵۴ — خریدار نیلام کو لازم ہے کہ روز نیلام سے پندرہوین دن قبل غروب آفتاب کے کل زرثمن داخل کرے یا اگر پندرہوین روز روز تعطیل عام واقع ہو پندرہوین دن کے بعد جس روز پہلے کچہری کہلے زرمذکور ادا کیا جائیگا اور اگر روپیہ میعاد مذکور مین داخل نہو تو زرامانت بعد مجرا کرنے خرچ نیلام کے سرکار مین ضبط ہوگا اور وہ جایداد دوبارہ نیلام کیجائیگی اور خریدار قاصر کا استحقاق نسبت جایداد یا کسی جزو زرثمن نیلام ثانی کے باقی نہین رہیگا اگر زر قیمت نیلام ثانی خریدار یا دہندہ کی بولی سے کم ہو اور وہ نیلام آخر کار بتکمیل ہوجائے تو زرکمی نامبردہ سے بموجب اون قواعد کے قابل الوصول ہوگا جو درباب وصول زرنقد بہ ایفاے اجراے ڈگری عدالت کے جاری ہین

دفعہ ۵۵ — نیلام ثانی جایداد غیر منقولہ کا جو درصورت عدم ادای زرثمن کے عمل مین آوے بعد اجراے اشتہار جدید حسب طریقہ اور درمیعاد معینہ اصل نیلام کے ہوگا

دفعہ ۵۶ — کوئی نیلام جایداد غیر منقولہ کا تاوقتیکہ حاکم اعلیٰ اور سرکار سے منظور نہوئے بتکمیل نہوگا درخواست منسوخی نیلام کی بربناے وقوع بیقاعدگی نسبت کسی امر ضروری متعلق باشتہار و تعمیل نیلام تاریخ نیلام سے دو ماہ کے اندر گذر سکتی ہے لیکن تاوقتیکہ سایل حسب اطمینان عدالت کے یہہ ثابت نکرے

کہ ایسی بیضابطگی سے اوسکو کمال ضرر عاید ہوا ہے نیلام پر بنا ء بیضابطگی مذکور کے ہرگز منسوخ نہوگا

دفعہ ۵۷ — اگر درخواست متذکرہ دفعہ مقدم الذکر نہ گذری یا پیش ہو کر عذر نامنظور ہو جاوے تو صاحب عدالت حکم منظوری نیلام صادر کریگا اور علی ہذا القیاس اگر درخواست مذکور گذر کر عذر منظور ہو جاوے تو حاکم عدالت حکم منسوخی نیلام کا بعلت بیضابطگی کے صادر کریگا اور اگر عذر منظور ہو کر نیلام منسوخ ہو تو وہ حکم منسوخی نیلام کا قطعی ہوگا اور اگر عذر نامنظور کیا جاوے تو اوس حکم منظوری نیلام اپیل ہو سکتا ہے اگر اوس حکم کا اپیل نہو تو حکم مذکور اور جو اپیل ہو تو حکم مصدورہ صیغہ اپیل کا ناطق متصور ہوگا اور وہ شخص جسکے خلاف وہ حکم ہوا ہو مجاز نہوگا کہ نالش واسطے اثبات اپنے دعوی کے دایر کرے

دفعہ ۵۸ — جب نیلام جایداد غیر منقولہ کا منسوخ ہو جاوے تو خریدار نیلام جیسا کہ حاکم عدالت ہر ایک حال مین حکم دینا مناسب سمجھے معہ سود یا بلا سود کے زر ثمن واپس پانیکا مستحق ہوگا

دفعہ ۵۹ — جب نیلام جایداد غیر منقولہ کا حسب طریقہ متذکرہ بالا مکمل ہو جاوے تو اوس شخص کو جو خریدار نیلام قرار دیا جاوے عدالت سے ایک سارٹیفکیٹ اس مضمون کا عطا ہوگا کہ خریدار نے استحقاق اور حق و مرافق مدعا علیہ کا نسبت جایداد نیلامی کے خرید کیا ہے اور یہہ سارٹیفکٹ نسبت انتقال استحقاق اور حق و مرافق مذکور کے ایک دستاویز جایز متصور ہوگا

دفعہ ۶۰ — اوس سارٹیفکٹ مین نام اوس شخص کا جو وقت نیلام کے اصلی خریدار قرار پایا ہو لکہا جاویگا اور اگر کوئی نالش بنام خریدار سارٹیفکٹ یافتہ اس بنا پر دایر ہو کہ شخص سارٹیفکٹ یافتہ کے واسطے نیلام نہین لیا گیا بلکہ دوسری شخص کے لئے مگر

نام خریدار سارٹیفکٹ یافتہ کا اوس مین بہ تراضی باہم لکہا گیا تہا تو ایسی نالش معہ خرچہ ڈسمس ہو گی اگر بشرط رضامندی مابین اصلی خریدار کو رہیگا تاہم سارٹیفکٹ ناجایز تصور کیا جاویگا

دفعہ ۶۱ — جب کہ جایداد نیلامی از قبیل اسباب یا مال یا دیگر شی منقولہ بقبضہ مدعاعلیہ کے ہو یا وہ اوسکے فوراً قبضہ پانیگا مستحق ہو اور گرفتاری اوس جایداد وغیرہ کی فی الواقع عمل مین آئی ہو تو جایداد مذکور خریدار کو حوالہ کیجائیگی

دفعہ ۶۲ — جب جایداد نیلامی از قبیل اسباب یا مال یا دیگر شی منقولہ کے ہو جسکے پانے کا مدعاعلیہ کو استحقاق ہو مگر کوئی اور شخص بالفعل بذریعہ استغراق یا حق کے اوسکی قبضہ کا مستحق ہو تو خریدار کو جایداد مذکور اس طور سے دلائی جائیگی کہ شخص قابض جایداد مذکور کو حتی الامکان اطلاع دیجاویگی کہ جایداد پر کسی شخص کو سوای خریدار نیلام کے دخل نہ دیوی

دفعہ ۶۳ — اگر جایداد نیلامی از قبیل جایداد غیر منقولہ کے ہو اور وہ جایداد بقبضہ مدعاعلیہ یا منجانب اوس کے بقبضہ کسی اور شخص کے یا بقبضہ شخص دیگر کے ہو جو بذریعہ ایسی استحقاق کی اوس جایداد کی نسبت دعویدار ہو کہ بعد عمل مین آنی قرقی جایداد کے اوسکو مدعاعلیہ سے حاصل ہوا ہو تو حاکم عدالت یہ حکم صادر کریگا کہ جس شخص کے ہاتھ شی غیر منقولہ نیلام ہوئی ہو یا اوس شخص کو جسکو خریدار نیلام نے قبضہ لینے کے واسطے اپنی جانب سے مقرر کیا ہو بذریعہ دخل دہانی کے جایداد مذکور پر قبضہ دلایا جاوے اور عندالضرورت قبضہ اوس شخص کی بیدخلی کے ذریعہ سے دلایا جائیگا جو جایداد مذکور کا قبضہ نہ چھوڑیگا

دفعہ ۶۴ — اگر جایداد نیلامی از قبیل شی غیر منقولہ کی ہو اور وہ بقبضہ رعایا یا بقبضہ اون دیگر اشخاص کے ہو جنکو اوسکے قبضہ کا استحقاق حاصل ہو تو حاکم عدالت اوس کی قبضہ دلانی کی نسبت اس طرح سے حکم صادر کریگا کہ نقل سارٹیفکٹ نیلام کو جایداد

غیر منقولہ مذکور کی کسی منظر عام پر آویزان کرائیگا اور بضرب دہل یا بذریعہ دیگر رواج مروجہ کی مناسب مقام یا مقامات مین واسطے اطلاع قابضان جایداد کے یہہ مشتہر کرائیگا کہ استحقاق اور حق و مرافق مدعا علیہ کی خریدار کی ہاتہہ منتقل کیے گئے

دفعہ ۶۵ — اگر جایداد نیلام شدہ از قبیل دیون کی ہو اور وہ دیون از قسم زر دستاویزات قابل بیع و شری کے نہون یا جایداد از قسم حصص کمپنی داد و ستد یا دیگر کمپنی جماعت سوداگران کی ہو تو سپردگی اوسکی بذریعہ حکم تحریری عدالت مشعر اسبات کی عمل مین آئیگی کہ داین زر قرضہ وصول نہ کرے اور مدیون بجز خریدار کے اور کسی شخص یا اشخاص کو زر قرضہ مذکور ادا نکرے یا یہہ کہ وہ شخص جسکے نام سے حصص مذکور ہون حصص مذکور بجز خریدار نیلام کی کسی ور شخص کے ہاتہہ منتقل نکرے اور نہ کچہہ منافع بابت حصص مذکور کے لیوے اور مہتمم یا کوئی عہدہ دار مجاز ایسے کمپنی یا جماعت سوداگران کا کسی اور شخص کے ہاتہہ سوای خریدار نیلام کے ایسا انتقال ہونے دی اور نہ کسی اور شخص کو منافع مذکور دیوے

دفعہ ۶۶ — اگر جایداد نیلامی از قبیل کفالت ناجات قابل بیع شری کے ہو اور کرقبضہ واقعی اوس کی عمل مین آئی ہو تو ایسی جایداد خریدار کے حوالہ کیجائیگی

دفعہ ۶۷ — اگر کوئی کفالت نامہ قابل بیع و شری یا کسی مجمع یا جماعت سوداگران کا حصہ کسی شخص کے نام سے ہو اور یہہ مطلوب ہو کہ وہ شخص اوسکے انتقال کی نسبت عبارت انتقالی دستاویز انتقالی پر ثبت کرے تو جایز ہے کہ صاحب عدالت ایسے کفالت نامہ یا حصہ کے سارٹیفکٹ پر عبارت انتقالی لکہہ دیوی یا اور کوئی ایسی دستاویز تحریر کرے جو اوسکی انتقال کے واسطے ضرور ہو نمونہ عبارت انتقالی یا تحریر کا حسب مندرجہ ذیل بالمثل اوسکی ہوگا - یعنی دستخط زید قایمقام فلان صاحب عدالت یا جیسی صورت ہو بمقدمہ بکر بنام زید جبتک کفالت نامہ یا حصہ مذکور کا انتقال نہو حاکم عدالت کو اختیار ہوگا کہ کسی شخص کو واسطے وصول سود یا منافع کے جو بابت اوسکے یافتنی ہو اور لکہہ دینی رسید اوسکی کے مقرر کرے

اور اسطرح کی عبارت انتقالی قبہ یا دستاویز مکفلہ یا رسید دستخطی کل امور کی نسبت مثل ساختہ اور پرداختہ اصل شخص کے جایز اور ناطق ہوگی

دفعہ ۶۸ — اگر کوئی جایداد غیر منقولہ بعلت اجراے ڈگری کے نیلام ہوئی ہو اور اوسکے خریدار کی ساتھہ نسبت دخل یابی اوسکی کچھہ مقابلہ یا ہرج وقوع مین آوے تو ایسے ہرج یا مقابلہ کی نسبت وہی قواعد ملحوظ ہونگے جو اس قانون کی دفعات ۲۷ و ۲۸ و ۲۹ مین متضمن مقابلہ یا ہارج ہونے ڈگری دار کے ساتھہ نسبت دخل یابی شی ڈگری کے مندرج ہے

دفعہ ۶۹ — اگر وقوع مین آنا مقابلہ یا ہرج کا نسبت دخل دہانی کے کسی شخص کی جانب سے پایا جاوے جو مدعا علیہ نہو اور جایداد نیلامی کے قبضہ کا دعویدار بذریعہ مالک مرتہن یا مستاجر ہونے یا بذریعہ کسی اور استحقاق کے ہو یا خریدار نیلام کو قبضہ دلانے سے کوئی اسطرح کا دعویدار بیدخل ہو جاوے تو حاکم عدالت برطبق گذرنے استغاثہ خریدار نیلام یا اوس شخص کے جو بطریقہ مذکورۃ الصدر دعویدار ہو استغاثہ کی نسبت تحقیقات کرکے بنظر حالات مقدمہ کے حکم مناسب صادر کریگا بشرطیکہ ایسا استغاثہ تاریخ مقابلہ یا ہرج یا تاریخ بیدخلی سے یعنے حسب شکل مقدمہ کے دو مہینے کے اندر گذرے اور عدالت کے حکم سے اپیل نہو سکیگا مگر شخص مغلوب کو اختیار ہوگا کہ حکم مذکور کی تاریخ سے ایک برس کے اندر نالش واسطے استقرار اپنے حق کے دایر کرے

دفعہ ۷۰ — جب جایداد بعلت اجراے ڈگری کے نیلام ہو تو منجملہ زر ثمن اوس جایداد کے اول وہ شخص مستحق وصول اپنے مطالبہ کا ہوگا کہ برطبق جسکے درخواست کے جایداد مذکور قرق ہوئی ہو گو کہ بعد ازان قرقی اوس جایداد کی دوسرے شخص کی طرف سے بعلت اجراے کسی ڈگری سابق کے عمل مین آوے

دفعہ ۷۱ — اگر تمام وکمال مطالبہ اوس شخص کا کہ برطبق جسکے درخواست کے

جایداد قرق ہوئی ہو اوسکی زرثمن سے وصول ہو کر کچھہ زر فاضل رہی تو اب زر فاضل باہم
اون اشخاص کے بطور حصہ رسدی کے تقسیم کیا جائیگا جنہون نی قبل صادر ہونی حکم تقسیم
مذکور کے مدعا علیہ پر ڈگری جاری کرائی مگر زر ڈگری حاصل نہ کیا ہو - پر شرط یہہ ہے
کہ اگر کوئی جایداد مکفول بہ رہن نیلام ہوئی ہو تو مرتہن منجملہ زر فاضل نیلام کے مستحق
پانے حصہ رسدی کا نہوگا

دفعہ ۷۲ - اگر حاکم عدالت کو بر طبق گذرنی درخواست ڈگری دار کے یہہ
معلوم ہو کہ کوئی اور ڈگری جسکی ذریعہ سے جایداد قرق ہوئی ہو فریب یا کسی اور طریقہ
ناجایز سے حاصل ہوئی ہے تو حاکم عدالت مجاز صادر کرنی اس حکم کا ہوگا کہ سایل کا مطالبہ
زر نیلام جایداد مقروقہ سے بقدر اوسکی مقدار کے وصول کیا جائی بشرطیکہ ڈگری مذکور
اوسی عدالت سی صادر ہوئی ہو یا اگر وہ ڈگری دوسری عدالت کی ہو تو مومی الیہ کار
روائی کو ملتوی رکھیگا تاکہ سایل حکم وصول مطالبہ کا اوس عدالت سی حاصل کرے
جہان سی ڈگری مذکور صادر ہوئی ہو

بابت گرفتاری بعلت اجراے ڈگری زر نقد

دفعہ ۷۳ - جو شخص کہ بعلت اجراے ڈگری زر نقد بذریعہ حکم نامہ کے گرفتار ہو کر
عدالت مین حاضر کیا جائی وہ واسطے اپنی رہائی کے اس بناء پر درخواست کر سکتا ہے
کہ اس سے کوئی سبیل ادا کرنی کل یا جزو زر قرضہ کی بالفعل نہین ہو سکتی ہے یا در صورت
قابض ہونی اوسکی کچھہ جایداد پر وہ درخواست اس امر کی کری کہ جو کچھہ جایداد اوسکی
قبضہ مین ہے اوسکی نسبت عدالت جو چاہی کری اس درخواست مین تفصیل جایداد ہر
قسم از ان سایل کی خواہ اوسکی قبضہ مین یا اوسکو ممکن الحصول ہو عام اس سے کہ وہ
اوسپر بلا شرکت غیری یا بشراکت دیگران قابض ہو یا وہ اوسکی طرف سی امانتاً دوسری
شخص کے دخل مین ہو باستثناء پارچہ تن پوشی اوسکی یا اسکی وابستگان اور آلات خاص حرفہ

اوسکی معہ مقام وقوع جایداد مذکور مفصل درج ہوگی یا درخواست مین یہہ بہی لکہا جاے
کہ سوای مستثنیات متذکرہ بالا کے اور کچہہ جایداد سایل کے قبضہ مین نہین ہے اور جو
طریقہ متذکرہ بالا کہ واسطے دستخط و تصدیق عرایض دعوی کے معین ہے اوسی کے
موافق اس درخواست پر سایل کے دستخط اور تصدیق ثبت کرائی جاینگی

دفعہ ۷۴ — بروقت گذرانی درخواست مذکور کے حاکم عدالت روبروی مدعی یا اوسکے مختار کے سایل کی حیثیت اور سبیل ادای آیندہ کی تحقیقات کریگا اور مدعی سے ثبوت کافی اسباتکا کہ وہ جایداد مقبوضہ مدعا علیہ سی کسواسطی سبیل وصول کے کام نہین کرتا اور رہائی مدعا علیہ کی کسواسطی عمل مین نہ آوی طلب کریگا اور اگر مدعی ایسی وجہہ پیش نہ کرسکے تو حاکم عدالت حکم رہا ہونی مدعا علیہ کا حوالات سی صادر کری اور تا دوران تحقیقات نسبت بیانات فریقین کے جو حاکم عدالت کی نزدیک ضرور ہو حاکم عدالت مجاز ہوگا کہ مدعا علیہ کو اوس اہلکار عدالت کی حوالات مین رکہی جسکی معرفت حکمنامہ جاری ہوا ہو بشرطیکہ مدعا علیہ زر تکفی واسطے ادای فیس اہلکار مذکور کے جمع کرے یا اگر مدعا علیہ معتبر اور کافی ضمانت اسبات کی داخل کرے کہ وہ تا تحقیقات بوقت طلبی کے حاضر ہوگا اور ضامن یا ضامنان اسبات کے ذمہ وار ہون کہ وہ درصورت عدم حاضری مدعا علیہ کے زر مندرجہ حکمنامہ ادا کرینگی تو حاکم عدالت ایسی ضمانت پر مدعا علیہ کو رہا کرے

دفعہ ۷۵ — اگر یہہ بات واضح ہو کہ مدعا علیہ نی اپنی درخواست مین نسبت جایداد ازان اپنی کہ خواہ وہ اوسکے قبضہ مین ہو یا اوسکو ممکن الحصول ہو یا اوسکی جانب سی امانتاً دوسری کے قبضہ مین ہو کچہہ اخفا کیا ہی یا عمداً بیان خلاف لکہا ہے یا اوسنی فریباً کچہہ جایداد کو مخفی یا منتقل کیا یا اوٹہا دیا ہے یا یہہ کہ وہ مرتکب کسی اور بد معاملگی کا ہوا ہے تو رہا ہو جانا اوسکا بموجب دفعہ مقدم

الذکر کی حافظ اوسکی گرفتاری دوبارہ اور قید کا ہوگا اور ایسی رہائی سے جایداد جو اوسوقت بقبضہ مدعاعلیہ کے ہو یا جو آیندہ اوسکی قبضہ مین آنی والی ہو قرقی اور نیلام سی محفوظ نرہیگی

ذکر اجرا ے ڈگری بذریعہ قید

دفعہ ۷۶ - جب مدعاعلیہ بعلت اجراے ڈگری کے محبس مین قید ہو حاکم عدالت کسی قدر زر ماہواری بطور خوراک اوسکی گذران کے لئی مناسب معلوم ہو اور جو ۴؎ یومیہ سے زاید نہو مقرر کریگا اور جس شخص کم استدعا کی بموجب ڈگری جاری ہوئی ہو وہ شخص زر خوراک مذکور عدالت کے عہدہ دار مجاز یا اوس محبس کے داروغہ کو جہان مدعاعلیہ حوالات مین ہو بطور پیشگی بحساب ماہوار قبل پہلی تاریخ ہر مہینے کی حوالہ کریگا اور قبل قید مین بھیجے جاتی مدعاعلیہ کے ضرور ہے کہ زر خوراک بابت ایام غیر منقضیہ ماہ روان کے پیشگی داخل کیا جائی

دفعہ ۷۷ - بحالت بیماری یا نسبت کسی اور خاص وجہ کے جیسا کہ حاکم عدالت مناسب سمجھے خوراک ماہواری چھ آنہ یومیہ سے زیادہ نہو مقرر کر سکتا ہے اور نسبت ایسے حکم تعین خوراک ماہواری کے بر وقت پیش ہونی وجہ کافی کے وقتاً فوقتاً ترمیم و تبدیل ہو سکتی ہے

دفعہ ۷۸ - جب ڈگری کا ایفای کلیتاً ہو جائی یا وہ شخص جسکی استدعا کے مطابق مدعاعلیہ قید ہوا ہو اوس کی رہائی کا خواستگار ہو یا شخص مذکور زر خوراک حسب ہدایت مندرجہ بالا ادا نہ کرے تو مدعاعلیہ رہائی پاویگا کوئی شخص بعلت ڈگری کے دو برس سے زیادہ قید نہوگا یا اگر زر ڈگری پانسو روپیہ سے زیادہ نہو تو چھ مہینے سے زیادہ اگر پچاس روپیہ سی زیادہ نہو تو تین مہینے سی زیادہ قید نہوگی

دفعہ ۷۹ - جو روپیہ کہ مدعی کی جانب سی بحالت قید رہنی مدعاعلیہ کے محبس مین واسطے اوسکی خوراک کی صرف کیا جاوی وہ ڈگری کے خرچہ مین محسوب ہوگا اور حسب

قواعد مذکورہ بالا بذریعہ قرقی اور نیلام جایداد مدعا علیہ کے قابل الوصول ہوگا لیکن بمواخذہ ایسے روپیہ کے مدعا علیہ مقید اور گرفتار نہین ہو سکتا ہے

دفعہ ۸۰ — جو شخص کہ بعلت ڈگری قید مین ہو وہ اپنی رہائی کیواسطے عدالت مین درخواست گذران سکتا ہی درخواست مذکور مین تفصیل جایداد ہر قسم از ان سایل خواہ وہ اوسکو ملنی والی ہو یا اوسکے قبضہ مین ہو اور عام اس سے کہ وہ اوسپر بذات خاص یا بشرکت دیگران قابض ہو یا اور شخص اوسکی جانب سی امانتاً قابض ہون باستثنای پارچہ تن پوشی اوسکے اور اوسکے وابستگان اور ضروری آلات حرفہ اوسکی معہ نشان مقامات کے جہان جایداد مذکور دستیاب ہو سکی بتصریح مندرج ہوگی اور درخواست مذکور پر دستخط اور تصدیق سایل کی مطابق اوس طریقہ کے ثبت ہوگی جو درباب ثبت ہونی دستخط اور تصدیق کے عرایض نالش پر اوپر مذکور ہو چکا ہے

دفعہ ۸۱ — بر طبق گذرنی درخواست مذکور کے حاکم عدالت ایک نقل تعلیقہ جایداد مدعا علیہ کی مدعی کو حوالہ کراویگا اور میعاد معقول اس حکم سی معین کریگا کہ مدعی اوس کے اندر کل یا جزو جایداد مذکور کو قرق اور نیلام کرالی یا یہہ ثابت کرے کہ مدعا علیہ نی بلا ایفای ڈگری کے اپنی رہائی کی لئی دیدہ و دانستہ اپنی جایداد یا حق و رقمی کو مخفی یا جایداد کو فریباً منتقل کیا یا اوٹھوا دیا یا وہ کسی اور حرکت بدمعاملگی کا مرتکب ہوا اگر مدعی اندر میعاد معینہ کے ثبوت اسبات کا داخل نہ کرسکے تو حاکم عدالت مدعا علیہ کو رہا کریگا اگر مدعی اندر میعاد معینہ یا من بعد اوسکی حسب اطمینان عدالت کے یہہ ثابت کہ مدعا علیہ مرتکب کسی حرکت کا منجملہ حرکات مذکورہ بالا ہوا ہے تو حاکم عدالت کو لازم ہوگا کہ جیسا موقع ہو مدعا علیہ کو باستدعای مدعی کے حوالات مین رکھی یا اسپر دمحبس کرے الا اوس حالت مین کہ مدعا علیہ ڈگری کی علت مین دو برس قید رہا ہو اور حاکم کو اسبات کا بھی اختیار ہوگا کہ اگر مناسب سمجھے تو مدعا علیہ کو صاحب مجسٹریٹ کے

پاس واسطی عمل مین آنی تدراک معینہ قانون کی نسبت اوسکی ہیحد ہوی

دفعہ ۸۲ — اگر مدعا علیہ ایک مرتبہ قید سی رہائی پاوی تو اوسکو باستثنای شکل مندرجہ دفعہ مقدم الذکر اوسی ڈگری کی علت مین پھر قید کرنا جایز نہین ہے لیکن جایداد مدعا علیہ کی بموجب قواعد معمولی یا ایفای کل ڈگری کے قابل قرقی اور نیلام ہوگی الا اوس صورت مین کہ زر ڈگری سو روپیہ سے کم اور بابت کسی ایسے معاملے کے ہو جو بعد نافذ ہونی اس قانون کے وقوع مین آیا ہو تو حاکم عدالت مجاز ہے کہ مدعا علیہ کو جسنی حسب طریقہ مندرجہ بالا رہائی پائی ہو ڈگری کے مواخذہ آیندہ سے بری کرے

دفعہ ۸۳ — جملہ امور متعلق معین مقدار واصلات جنکا تصفیہ بموجب شرایط ڈگری کے صیغہ اجرائے ڈگری پر منحصر کیا گیا ہو یا نسبت واصلات یا سود کسی جو شی مدعا بہا پر تاریخ ارجاع نالش سے تا تاریخ اجرائے ڈگری یافتنی ہو اور بہی تنازعات بابت اس روپیہ کے جسکا دیا جانا واسطے ادائی یا ایفای زر ڈگری کے بیان کیا گیا ہو اور باقی جملہ نزاعات مابین فریقین اوس مقدمہ کے جسمین ڈگری صادر ہوئی ہو اور جو صیغہ اجراے ڈگری سے متعلق ہون بموجب حکم اوس عدالت کے طی ہونگی جسنی حکم اجرای صادر کیا ہو نہ بذریعہ نالش علیحدہ کے اور اوس عدالت کے حکم کی ناراضی سے اپیل جایز ہوگی مگر شرط یہہ ہے کہ اگر عند الملاحظہ سوال اپیل اور اوس حکم کے جسکی ناراضی سے اپیل ہو عدالت سامع اپیل کو اوس حکم مین دست اندازی کرنیکی وجہ نہ پائی جاوی تو عدالت مذکور اپیل خارج کرنیکی مجاز ہوگی اور قبل صدور ایسے حکم اخراج اپیل سے پہلی رسپانڈنٹ کے نام اطلاعنامہ جاری کرنا ضرور نہوگا۔

دفعہ ۸۴ اگر ڈگری کسی عدالت دیوانی کی اوس عدالت کے علاقہ مین جاری نہو سکتی ہو جس سے تعمیل اجرای متعلق ہو تو اجرای اوسکا کسی دوسری عدالت دیوانی کی علاقہ مین حسب طریقہ مندرجہ ذیل کے عمل مین آئیگا -

دفعہ ۸۵ ایسی صورت مین مدعی مجاز ہی کہ اس عدالت مین جس سی اجرای ڈگری متعلق ہو یہہ درخواست کری کہ ایک قطعہ نقل ڈگری مذکور کا معہ ایک سارٹیفکٹ متضمن اثبات کی کہ ایفای ڈگری مذکور کا بذریعہ اجرای عدالت مذکور کی علاقہ مین نہین ہوا ہی اور نقل کسی حکم کی جو در باب عمل مین آنی اجرای ڈگری مذکور کی صادر ہوا ہو اوس عدالت مین مرسل کیجاوی جہان سی سایل اجرای اوسکا چاہتا ہو -

دفعہ ۸۶ اگر حاکم عدالت کے نزدیک کوئی وجہ کافی مانع نہو تو نقول اور سارٹیفکٹ مذکور مرتب کرائی جاوینگی اور کاغذات مذکور بعد ثبت ہونی دستخط حاکم اور مہر عدالت کی اوس عدالت مین کہ سایل جسکا نشان دی مرسل ہونگی بشرطیکہ عدالت مذکور اوسی ضلع مین واقع ہو ورنہ جس ضلع مین سایل کو اجرای ڈگری کا منظور ہو اوس ضلع کی اعلیٰ محکمہ دیوانی مرافعہ اول مین کاغذ بھیجی جاوینگی اور حاکم اوس عدالت کا کہ جسمین نقول اور سارٹیفکٹ ہای مذکور مرسل ہون کاغذ مذکور کو اپنی سررشتہ مین داخل کریگا اور ڈگری یا حکم اجرای یا اون کی نقول یا مہر یا اختیار عدالت یا دستخط حاکم کی بابت ثبوت طلب نہ کریگا الا اوس حالت مین کہ بنظر حالات خاص مندرجہ حکم کے ایسا ثبوت مطلوب ہو

دفعہ ۸۷ — جب ڈگری کی نقل یا نقل حکم اجرای محکمہ مرسل الیہ مین بغرض تعمیل جاری ہونی حسب طریقہ مندرجہ بالا کے مثل اون مسائل کے سمجھی جاویگی تو نقل یا نقل حکم مذکور اجرا کے معاملہ مین اوسیطرح وثوق رکھی گی کہ جیسا عدالت مرسل الیہ کی ڈگری یا حکم وثوق رکھتا ہی اور اگر محکمہ مذکور اوس ضلع مین مرافع اول کا محکمہ اعلیٰ ہو تو ڈگری مذکور کا اجرای معرفت اوس محکمہ کا یا معرفت کسی محکمہ ماتحت اوسکی جسکو محکمہ اعلیٰ نی ڈگری

اجرای کے واسطے تفویض کی ہو عمل مین آسکتا ہے —

دفعہ ۸۸ اگر درخواست متضمن جاری ہونے ڈگری ایک عدالت کی کسی دوسری عدالت مین حسب مندرجہ بالا گذری ہو تو حاکم اوس محکمہ کا جس مین ایسی درخواست گذری یا مرسلہ ڈگری کو بموجب ان قواعد کے جاری کرایگا جو خود اسکی محکمہ مین نسبت ایسے مقدمات کے مرعی ہون لیکن محکمہ مذکور کا حاکم مجاز نہو گا کہ نسبت از ڈگری کے تحقیقات کرے الا اوس صورت مین کہ ڈگری سے بادی النظر مین یہہ پایا جاتا ہو کہ صادر کرنا ڈگری کا عدالت مجوز ڈگری مذکور کے اختیار سے خارج تہا

دفعہ ۸۹ — حاکم اوس عدالت کو جس مین درخواست مذکور گذری یا جب مراتب مندرجہ بالا واسطے اجراے کے مرسل ہو لازم ہو گا کہ نسبت امور بیجا و مراتب بیضابطگی کے جو بحالت اجرای ڈگری مذکور سرزد ہون تجویز اور تدارک کرے اور جو اشخاص کہ ڈگری مذکور کے اجرای مین عدول حکمی کرین یا مانع ہون وہ اسبات کے سزاوار ہونگے عدالت مذکور کا حاکم ان کی نسبت اوسی طور سزا تجویز کرے کہ گویا اوسی کے محکمہ سے ڈگری صادر ہوئی

دفعہ ۹۰ — حاکم اوس عدالت کا کہ جس مین درخواست مذکور گذری در صورت پائی جانی کافی اور معقول وجہ کے مجاز ہو گا کہ تا میعاد معقول کے اجرای ڈگری ملتوی رکہے تا کہ مدعا علیہ واسطے التوای اجرای ڈگری یا حصول دیگر حکم نسبت ڈگری یا اجرای اوسکے اوس عدالتمین درخواست گذران سکے جہان سے ڈگری صادر ہوئی ہو یا کسی عدالت اپیل مین درخواست گذرانے جسکو اختیار سماعت اپیل کا نسبت ڈگری یا اجرای ڈگری مذکور کے حاصل ہو اور ایسا حکم التوای وغیرہ کا قبل اوس حکم کے ہو گا کہ محکمہ مرافعہ اولی یا عدالت اپیل سے اوس صورت مین صادر ہوتا کہ جب ڈگری محکمہ مرافعہ اولی یا عدالت اپیل مذکور سے جاری ہو نہ ہوتی یا درخواست اجرای ڈگری اوس عدالت مین گذری

ہوتی اور اگر مدعا علیہ بعلت اجرای ڈگری کے گرفتار ہوکر جائیداد اوسکی قرق ہوئی ہو تو حاکم عدالت کہ جسنے ڈگری کی اجرای کا حکم دیا ہو تا صدور حکم اخیر نسبت درخواست مذکورہ بالا کی جائیداد کو واپس یا مدعا علیہ کو رہا کرسکتا ہے +

دفعہ ۹۱ — قبل اسکے کہ حکم التوای اجرای ڈگری یا واپسی جائیداد یا رہائی مدعا علیہ کا حسب مراد دفعہ مقدم الذکر صادر کیا جائے حاکم عدالت مجاز ہوگا کہ مدعا علیہ سے ضمانت طلب کرے یا ایسی شرایط تسلیم کراوے جو مومی الیہ کے نزدیک مناسب متصور ہوں +

دفعہ ۹۲ — کوئی حکم اوس عدالت کا جسمین ڈگری صادر ہوئی ہو یا حکم عدالت اپیل مذکورہ بالا کا اوس عدالت پر واجب التعمیل ہوگا جسمین اجرای ڈگری کی درخواست گذری ہو اور جو اشخاص کہ بتعمیل حکم اجرای مصادرہ عدالت مقدم الذکر کے کاربند ہوں وہ ازروی حکم مذکور کے کلیتاً بری الذمہ ہونگے

دفعہ ۹۳ — اگر حسب مراد دفعہ ۹۰ — قانون ہذا کے رہائی کسی مدعا علیہ کی عمل مین آئی ہو تو یہہ امر مانع اوسکی گرفتاری ثانی کا بعلت اجرای ڈگری کے ہوگا

دفعہ ۹۴ — جو احکام کسی عدالت سی نسبت اجرای ڈگری دوسری عدالت کی صادر ہوں ان سب کی نسبت قواعد اپیل اسیطرح سے مرعی ہونگے کہ گویا ڈگری مذکور دراصل اوسی عدالت سے صادر ہوئی تھی کہ جسنے حکم اجرای کا دیا ہو +

دفعہ ۹۵ — اگر بصیغہ اجرای ڈگری کے جاری کرنا کسی وارنٹ گرفتاری یا دیگر حکمنامہ کا کسی مورچہ گاہ فوج یا چھاونی یا قیام گاہ یا بازار فوج کے علاقہ مین ضرور ہو تو وہ عہدہ دار جو واسطے تعمیل وارنٹ یا دیگر حکمنامہ کے مامور ہو اوسکو صاحب کمان افسر کے پاس یا درصورت عدم موجودگی مومی الیہ کے کسی

عہدہ دار اعلی کی پاس جو حقیقتاً مورچہ گاہ فوج یا چھاونی یا قیام گاہ یا بازار فوج مین موجود ہو دیا جائیگا اور صاحب کمان افسر یا عہدہ دار اعلی مذکور معاینہ ایسی وارنٹ یا دیگر حکمنامہ مذکور کے دستخط اپنی اوسکی ظہر پر ثبت کریگا اور اگر وارنٹ واسطے گرفتاری کسی شخص کے ہو تو موصی الیہ شخص مندرجہ وارنٹ کو بشرطیکہ وہ اوسکی حکومت کے علاقہ مین ہو گرفتار کرکی حسب مندرجہ وارنٹ کی اوس عہدہ دار دیوانی کی حوالہ کریگا جسکو اوسکی اجرای کا اختیار ہو

دفعہ ۹۵ — احکام مندرجہ اسباب کی بنسبت ہر ایک حکمنامہ دیوانی مشعر حکم نیلام جایداد خواہ ادا کرنی کسی روپیہ کے جسکی دلانیکا حکم معاملہ دیوانی مین عدالت دیوانی سے ہوا ہو متعلق سمجھے جاوینگے

دفعہ ۹۶ — اگر کوئی ڈگری دایت واقعہ ممالک انگریزی یا کسی ریاست دیگر کی ہو تو اوسکی ڈگری اور اجرای ڈگری اسطور پر ہوگی کہ اول ڈگریدار نقل حکم عدالت انگریزی یا عدالت ریاست غیر مجوزہ ڈگری حاصل کرکی اس ریاست کی عدالت مین تمتیا نقل حکم محکمہ مجوزہ ڈگری بصیغہ نمبری دیوانی برکاغذ اسٹامپ یا پورہ دایر کری اور اس ریاست کی عدالت کو اختیار ہے کہ بشرط نہونے کسی وجہ مانع کے حسب ضابطہ ڈگری بحق مدعی صادر کری اور بعد ازان ڈگریدار کو اختیار ہے کہ اس ریاست کی عدالت مین حسب ضوابط بالا اجرای ڈگری کرا دی —

تمت تمام شد

قانون
اسٹامپ عامہ

حصہ اول

منظوری حضور لامع النور

مہاراجہ دھراج

سر مہاراجہ رنبیر سنگھ صاحب بہادر

والی جموں و کشمیر دام اقبالہ و اجلالہ

در سمت ۱۹۳۲

در مطبع تحفۂ کشمیر بقالب طبع درآمد

Mirza
11. 10. 2019

قانون اسٹامپ عامہ

دفعہ ۱ یہہ قانون یکم ماہ بھادون سمت ۱۹۳۲ سے نافذ ہوگا اور کُل قلمرو جمون وکشمیر ولداخ وغیرہ سی متعلق ہے *

دفعہ ۲ اس قانون کے روسی جملہ قوانین سابقہ اسٹامپ منسوخ سمجھے جاوینگے

